

جنوبی افریقہ کی نیپال پر ایک رن سے سنسنی خیز جیت

◀ جنوبی افریقہ کی جانب سے تبریز شمسی نے 4 وکٹیں حاصل کیں

◀ نیپال کے کشال بھرٹیل نے 4 وکٹ چٹکائے جبکہ دیپندر سنگھ ایری نے 3 وکٹیں حاصل کیں

کنگسٹاؤن (یو این آئی) آئی سی سی مردوں کے ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 میں جنوبی افریقہ نے نیپال کو ایک رن سے شکست دے کر سنسنی خیز جیت حاصل کی ہے۔ نیپال ایک تاریخی جیت کے بہت قریب پہنچ گیا تھا، لیکن جنوبی افریقہ کو تبریز شمسی کے ایک اہم ڈبل وکٹ والے اوور اور اوٹنیل بارٹ مین کی بہترین گیند بازی سے جیت حاصل ہوئی۔ ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کے 31ویں میچ میں جنوبی افریقہ نے سنسنی خیز مقابلے میں پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے نیپال کو جیت کے لیے 116 رنز کا ہدف دیا۔ نیپال کی جانب سے کشال بھرٹیل نے چار اور دیپندر سنگھ نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ اس کے جواب میں نیپال کی ٹیم 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر صرف 114 رنز بنا سکی۔ جنوبی افریقی گیند باز تبریز شمسی نے چار وکٹیں حاصل کیں۔

نیپال کے کپتان روہت پوڈیل نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ریزا ہینڈرکس اور کوئنٹن ڈی کاک نے ٹیم کو تیز شروعات دلائی، لیکن چوتھے اوور میں ڈی کاک 10 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہو گئے۔ جنوبی افریقہ نے پہلے پاور پلے میں ایک وکٹ کے نقصان پر 38 رنز بنائے۔ نیپال نے درمیانی اوورز میں کسی ہوئی گیند بازی کی اور بڑے شاٹ کھیلنے کے لئے بے چین کپتان ایڈن مارکرم کو بھرٹیل نے 15 کے ذاتی اسکور پر آؤٹ کر کے پویلین کی راہ دکھائی۔ جنوبی افریقہ کے بلے باز درمیانی اوورز میں نیپال کی باؤلنگ کے خلاف بڑے شاٹس نہیں لگا سکے۔ درمیانی اوورز میں 42 رنز بنے اور دو وکٹ گرے۔ ہینرک کلاسن تین رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ ریزا ہینڈرکس نے ایک سرے کو سنبھالے رکھا۔ انہیں ڈیتھ اوورز میں تھوڑی دیر کے لیے ٹرسٹن اسٹبس کا ساتھ ملا۔ ڈیتھ اوور کا مقابلہ حالانکہ نیپال ٹم نے جیتا۔ جنوبی افریقہ نے ڈیتھ اوورز میں کل 35 رن بنائے اور 4 وکٹیں گنوائیں۔ ہینڈرکس نے سب سے زیادہ 43 رنز کی اننگ کھیلی۔ نیپال کے لیے کشال بھرٹیل نے چار اوورز میں صرف 19 رنز دے کر چار وکٹ چٹکائے۔ جبکہ دیپندر سنگھ ایری نے چار اوورز میں 21 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی درست باؤلنگ کی وجہ سے نیپال کی شروعات سست رہی۔ نیپال نے پہلے پاور پلے میں بغیر کوئی وکٹ کھوئے 32 رنز بنائے۔ آصف شیخ اور کشل بھرٹیل کے درمیان پہلے وکٹ کے لیے 35 رنز کی شراکت ہوئی۔ کشل بھرٹیل 13 رنز بنانے کے بعد تبریز شمسی کا شکار بنے۔ کپتان روہت پوڈیل کھاتہ کھولے بغیر ہی پویلین لوٹ گئے۔ درمیانی اوورز میں نیپال نے 59 رنز بنائے اور تین وکٹیں گنوائیں۔ تبریز شمسی نے ایک ہی اوور میں دو وکٹ لئے۔ جو نیپال کے لیے مہلک ثابت ہوا اور ٹیم کو واپسی کرائی۔ شمسی نے پہلے سیٹ بلے باز آصف شیخ کو 42 کے ذاتی اسکور پر آؤٹ کیا اور پھر دیپندر سنگھ ایری کا وکٹ حاصل کیا۔ نیپال کو آخری دو اوورز میں جیت کے لیے 16 رنز درکار تھے۔ نیپال کی ٹیم 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر صرف 114 رنز بنا سکی اور اسے ایک رن سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

نیوزی لینڈ نے یوگنڈا کو 9 وکٹوں سے ہرایا

یوگنڈا محض 40 رنوں پر سمٹ گئی

پورٹ آف اسپین (یو این آئی) ٹی-20 ورلڈ کپ سے باہر ہوچکی نیوزی لینڈ نے یوگنڈا کو صرف 40 رنوں پر سمٹ دیا اور بعد میں جیت کا ہدف 5.2 اوور میں حاصل کرلیا۔ تاروبا کے برائن لارا اسٹیڈیم میں ٹم ساؤتھی نے چار اوورز کے اسپیل میں صرف چار رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں جب کہ ٹرینٹ بولٹ، مچل سینٹنر اور راچن رویندرا نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ یوگنڈا کے کینتھ ویسوا (11) واحد بلے باز تھے جو ڈبل فیگر تک پہنچے۔ اس میچ میں یوگنڈا کا واحد کارنامہ یہ تھا کہ اس نے 18.4 اوورز تک کیوی بولنگ اٹیک کا سامنا کیا جبکہ بعد میں بیٹنگ کے لیے آنے والے نیوزی لینڈ کے ایک بلے باز کو آؤٹ کرنے میں بھی کامیابی حاصل کی۔ یوگنڈا نے نیوزی لینڈ کی ٹیم کو پورے میچ میں 39 گیندیں کرائیں جن میں چھ وائیڈ بالز اور ایک نو بال تھی۔ اس طرح نیوزی لینڈ یہ میچ 5.2 اوورز میں ہی جیت گیا۔ ڈیوڈ کونوے 22 رنز بنانے کے بعد نا قابل شکست لوٹے۔ قابل ذکر ہے کہ پاپوا نیوگنی پر افغانستان کی فتح کے ساتھ ہی نیوزی لینڈ کے ناک آؤٹ مرحلے میں پہنچنے کے امکانات ختم ہوگئے ہیں۔

ورلڈ کپ میں بدترین کارکردگی، عماد اور عامر کا پھر سے ریٹائرمنٹ لینے کا فیصلہ

کراچی (ایجنسیاں) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے 2 کھلاڑیوں عماد وسیم اور محمد عامر نے ٹی-20 ورلڈ کپ میں اپنی بدترین اور ناقص کارکردگی کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائر ہونے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محمد عامر اور عماد وسیم پاکستان کی طرف سے اپنا آخری میچ آئرلینڈ کے خلاف کھیل کر ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیں گے۔ ٹی-20 ورلڈ کپ سے قبل ریٹائرمنٹ واپس لینے والے دونوں کھلاڑیوں کی بڑے ایونٹ میں کارکردگی توقعات کے مطابق نہیں رہی اور نہ ہی انہوں نے ایسا کوئی کارنامہ سرانجام دیا جو قومی ٹیم کی فتح کا باعث بنا ہو۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دونوں کرکٹرز کی جانب سے جلد ریٹائرمنٹ کا باقاعدہ اعلان کیا جائے گا اور پھر اُسے کے بعد عامر، عماد صرف لیگ کرکٹ کھیلیں گے۔

امریکہ نے سپر ایٹ میں پہنچ کر 2026 کے ورلڈکپ کیلئے کوالیفائی کیا

واشنگٹن (یو این آئی) فلوریڈا میں بارش کی وجہ سے آئرلینڈ کے ساتھ آخری گروپ میچ منسوخ ہونے کے بعد شریک میزبان امریکہ نے پہلی بار آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ کرکٹ مقابلے کے سپر 8 میں شامل ہونے کے ساتھ 2026 میں ہونے والے ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ جمعہ کی رات منسوخ ہونے والے میچ میں دونوں ٹیموں نے پوائنٹس شیئر کیے جس سے امریکہ پاکستان سے تین پوائنٹس آگے ہوگیا ہے۔ پاکستان اپنا آخری میچ اتوار کو فلوریڈا کے بروورڈ کاؤنٹی اسٹیڈیم میں آئرلینڈ کے خلاف کھیلے گا۔ امریکہ کینیڈا اور پاکستان کے خلاف جیت کے بعد سپر 8 مرحلے میں پہنچ گیا، تاہم، وہ شریک میزبان ملک دنیا کی نمبر ایک ٹیم ہندستان سے کم فرق سے ہار گیا تھا۔ ہندوستان بھی گروپ اے میں ٹاپ کر کے اگلے مرحلے میں پہنچ گیا ہے۔ مقابلے کا سپر 8 مرحلہ کیریبین جزائر میں ہوگا، جس میں بدھ 19 جون کو امریکہ کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے اینٹیگوا میں ہوگا۔ سپر 8 مرحلے میں پہنچ کر امریکہ کی ٹیم خود بخود آئی سی سی مینز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے لیے کوالیفائی کرجائے گی، جس کی میزبانی ہندستان اور سری لنکا کریں گے۔ ٹیموں کو انعامی رقم میں اضافہ بھی ملے گا، سپر 8 تک پہنچنے والی تمام ٹیموں کو کم از کم 382,500 امریکی ڈالر کی گارنٹی ہوگی۔ سپر 8 مرحلے میں آٹھ ٹیموں کو چار چار کے دو پولز میں تقسیم کیا جائے گا، ہر ایک سے سرفہرست دو ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچیں گی۔ آخری گروپ اسٹیج مقابلوں کے نتائج کی بنیاد پر امریکہ کو جنوبی افریقہ، ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ یا اسکاٹ لینڈ کے ساتھ گروپ میں رکھا جائے گا۔

بنگلہ دیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز: کپتان کون ہوگا؟

اسلام آباد (ایجنسیاں) ٹی-20 ورلڈ کپ میں بطور کپتان پہلے راؤنڈ سے باہر ہونے والی پاکستانی ٹیم کے کپتان بابر اعظم کو ناقص پرفارمنس کے بعد بنگلا دیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے کپتانی سے دور رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

میگا ایونٹ میں مایوس کن کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بعد پاکستانی ٹیم 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کیلئے بنگلا دیش کا دورہ کرے گی، یہ سیریز آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ کا حصہ ہے۔

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے 7 ارکان پر مشتمل سلیکشن کمیٹی کی تجویز پر شاہین آفریدی کی جگہ ٹی-20 ٹیم کی قیادت بابر اعظم کے سپرد کرتے ہوئے انہیں 2025 چیمپئنز ٹرافی تک وائٹ فارمیٹ کی قیادت دی تھی تاہم اب مایوس کن پرفارمنس کو دیکھتے ہوئے شان مسعود کی کپتانی پر انحصار کیا جائے گا۔ خیال رہے کہ ورلڈ کپ 2023 میں شکست کے بعد بابر اعظم کی جانب سے تینوں فارمیٹ کی کپتانی چھوڑنے کے اعلان کے بعد شان کو وائٹ بال کی قیادت سونپی گئی تھی، بعدازاں انہوں نے آسٹریلیا کیخلاف سیریز میں کپتانی کے فرائض بھی نبھائے تھے۔ بورڈ کے قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیسٹ فارمیٹ کی کپتانی بھی بابر اعظم کو ملنے کا امکان تھا تاہم ٹی-20 ورلڈ کپ میں ناقص پرفارمنس اور تنقید کا مدنظر رکھتے ہوئے شان مسعود پر اعتماد کا فیصلہ ہوا ہے۔ واضح رہے کہ ٹیسٹ فارمیٹ میں آسٹریلیا کے سابق فاسٹ بالر جیسن گلیسپی پاکسانی ٹیم کے ہیڈ کوچ ہوں گے۔

یورو فٹبال کپ کا آغاز: افتتاحی میچ میں جرمنی کی اسکاٹ لینڈ کو شکست

میونخ (ایجنسیاں) یورو فٹبال کپ 2024 کے گروپ اے کے پہلے میچ میں جرمنی نے اسکاٹ لینڈ کو شکست دے دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق یورو فٹبال کپ 2024 کا آغاز جرمنی کے شہر میونخ میں ہوگیا ہے، میگا ایونٹ کے پہلے میچ میں جرمنی نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسکاٹ لینڈ کو ایک کے مقابلے میں 5 گول سے شکست دے دی۔ جرمنی کے شہر میونخ کے ایلینز ارینا میں ہونے والے افتتاحی میچ میں جرمنی نے جارحانہ انداز اپنایا اور آغاز سے ہی اسکاٹ لینڈ کو مشکل میں ڈال دیا، میچ کے 10 ویں منٹ میں فلورین وٹز نے بال کو جال میں پہنچا کر اپنی ٹیم کی سبقت ثابت کردی۔ ٹھیک 9 منٹ بعد جرمن کھلاڑی جمال موسیالا نے گول کر کے اسکاٹ لینڈ کی مشکل میں اضافہ کردیا، اسی طرح پہلے ہاف کے اضافی منٹ میں جرمنی نے ایک گول کر کے اپنی جیت پر مہر ثبت کردی، پہلے ہاف تک اسکاٹ لینڈ کوئی گول نہ کرسکی۔ دوسرے ہاف میں بھی جرمنی نے اسکاٹ لینڈ کو سنبھلنے کا موقع نہ دیا، 68 ویں منٹ میں جرمن کھلاڑی نکلاس فلکرگ نے اپنی ٹیم کیلئے چوتھا گول کر دیا، 87 ویں منٹ پر سکاٹش کھلاڑی انٹونیو رڈگر جرمن ٹیم کو ڈاج دینے میں کامیاب ہوئے اور بال جال تک پہنچادیا، 6 منٹ بعد جرمن فٹبالر ایمر کین نے 5 واں گول کر کے ٹیم کی جیت میں اپنا حصہ ڈال لیا۔

’ٹی-20 ورلڈکپ میں پہلے راؤنڈ سے باہر ہونے کے ذمہ دار بابر اعظم اور رضوان‘

اسلام آباد (ایجنسیاں) پاکستانی ٹیم کے اوپنر احمد شہزاد نے ٹی-20 ورلڈکپ 2024 میں پہلے راؤنڈ سے پاکستانی ٹیم کے باہر ہونے کا ذمہ دار کپتان بابر اعظم اور محمد رضوان کو قرار دیدیا۔ پاکستانی ٹی وی چینل پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستانی ٹیم کے اوپنر احمد شہزاد نے بابر اعظم اور محمد رضوان پر تنقید کے نشتر چلاتے ہوئے الزام عائد کیا کہ دونوں کرکٹرز اپنے ذاتی ریکارڈز بنانے میں مصروف تھے، انہوں نے ٹیم کو تباہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم کو دوبارہ ٹیم کا کپتان بنانا سب سے بڑی غلطی تھی، ہر میچ میں شکست کے بعد وہی بیان کہ ہم سیکھ رہے ہیں، یہ کرکٹرز انٹرنیشنل کرکٹ کھیلنے کے قابل نہیں۔ اس سے قبل بھی احمد شہزاد نے بابر اعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا تھا کہ انہوں نے اپنی کپتانی میں ڈومیسٹک کھلاڑی کو نہیں کھلایا بلکہ دوستوں کو ٹیم میں شامل کیا، جو بلے باز تھا پر فارم نہیں کیا تو بالر بنا دیا جب بھی نہ کیا تو فیلڈر بنا کر پلیئنگ الیون کا حصہ بنایا۔ ورلڈکپ میں بابر اعظم کے اعداد وشمار میرے سے بھی گھٹیا ہیں لیکن آپ کنگ ہیں جعلی کنگ! پاکستان کو آئی سی سی ایونٹس جتوانے کیلئے کھیلتے ہیں نہ کہ ریکارڈز بنانے کیلئے، انہوں نے سوشل میڈیا پر لوگوں کو پاگل بنایا کیا کچھ نہیں۔

مجیب الرحمان ٹی-20 ورلڈ کپ سے باہر

افغانستان نے ٹیم میں تبدیلی کی

جزائر لیوارڈ (یو این آئی) افغانستان نے آئی سی سی مردوں کے ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کے بقیہ میچوں کے لیے اپنی 15 کھلاڑیوں کی ٹیم میں تبدیلیاں کی ہیں۔ آف اسپنر مجیب الرحمٰن انجری کے باعث ٹی-20 ورلڈ کپ سے باہر ہوگئے ہیں۔ تاہم افغانستان کی ٹیم ٹی-20 ورلڈ کپ ٹورنامنٹ کے سپر ایٹ میں پہنچ گئی ہے۔ افغانستان کے 23 سالہ آف اسپنر مجیب حالیہ برسوں میں ٹیم کا ایک اہم حصہ رہے ہیں، جنہوں نے 46 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں میں 59 وکٹیں اپنے نام کیں اور فارمیٹ میں 6.35 کی شاندار کیریئر اکانومی ہے، لیکن مجیب نے گروپ سی میں افغانستان کی طرف سے صرف ایک میچ کھیلا۔ انہوں نے یوگانڈا کے خلاف تین اووروں میں 16 رن دے کر ایک وکٹ حاصل کی تھی۔ آف اسپنر کی دائیں شہادت کی انگلی کے جوڑ میں چوٹ اتنی سنگین ہے کہ مجیب کو ٹورنامنٹ سے باہر ہونا پڑا۔ آئی سی سی کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ آئی سی سی ایونٹ ٹیکنیکل کمیٹی نے مجیب کی جگہ حضرت اللہ زازئی کو میدان میں اتارنے کی افغانستان کی درخواست کو منظور کرلیا ہے۔ افغانستان میزبان ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹی-20 ٹورنامنٹ کے آخری گروپ میچ سے پہلے ہی سپر ایٹ مرحلے کے لیے کوالیفائی کر چکا ہے۔ سپر ایٹ کے میچوں میں اس کا مقابلہ ہندستان، آسٹریلیا اور گروپ ڈی میں دوسرے نمبر کی ٹیم سے ہوگا۔

افغانستان ٹیم: راشد خان (کپتان)، رحمان اللہ گرباز، ابراہیم زدران، عظمت اللہ عمرزئی، نجیب اللہ زدران، محمد اسحاق، محمد نبی، گلبدین نائب، کریم جنت، ننگیال خروٹی، نور احمد، نوین الحق، فضل الحق فاروقی، فرید احمد ملک، حضرت اللہ زازئی اور ریزرو میں صادق اٹل، سلیم صفی ہیں۔

ہاکی انڈیا نے کیا جونیئر مردوں کے قومی کوچنگ کیمپ کیلئے 40 ناموں کا اعلان

بنگلورو (یو این آئی) ہاکی انڈیا نے 16 جون سے بنگلورو میں اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (ایس اے آئی) میں شروع ہونے والے آئندہ جونیئر مردوں کے قومی کوچنگ کیمپ کے لیے جمعہ کو 40 کھلاڑیوں کے ممکنہ گروپ کا اعلان کیا۔ یہ کیمپ ہندوستانی جونیئر مردوں کی ٹیم کے یورپی دورے کے بعد منعقد کیا جا رہا ہے۔ جونیئر ٹیم نے 20 سے 29 مئی تک بیلجیئم، جرمنی اور ہالینڈ کی کلب ٹیم بریڈیز ہاکی ویرینینگ پش کے خلاف پانچ میچ کھیلے ہیں۔ اس دوران ہندوستان نے اپنے پہلے گیم میں بیلجیئم کے خلاف (2-4) 2-2 سے کامیابی حاصل کی لیکن دوسرے میچ میں اسی حریف کے خلاف 3-2 سے ہار گئی۔ انہیں بریڈیز ہاکی ویرینینگ پش کے خلاف قریب 4-5 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ جرمنی کے خلاف، ہندوستان پہلے گیم میں 3-2 سے ہارا لیکن ریٹرن میچ میں 1-1 (3-1) سے جیت حاصل کی۔ یہ کیمپ کوچ جناردھن سی بی کی قیادت میں اور ہاکی انڈیا کے ہائی پرفارمنس ڈائریکٹر ہرمن کروز کی نگرانی میں 63 دنوں تک چلے گا، جو 18 اگست کو ختم ہوگا۔ گروپ کے پانچ گول کیپر پرنس دیپ سنگھ، بکرم جیت سنگھ، آدرش جی، اشونی یادو اور علی خان ہیں، جب کہ فارورڈز میں موہت کرما، محمد زید خان، محمد کونن داد، سوربھ آنند کشواہا، ارجیت سنگھ ہندل، گرجوت سنگھ، پربھدیپ سنگھ، دلراج سنگھ، ارشدیپ سنگھ اور گرسیوک سنگھ شامل ہیں۔ ڈیفنس کرنے والوں میں شاردا نند تیواری، امیر علی، منوج یادو، سکھویندر، روہت، یوگیمبر راوت، انمول ایکا، پرشانت برلا، آکاش سورونگ، سندرم راجاوت، آنند وائی اور تلم پریو بارٹا شامل ہیں۔ کیمپ کا حصہ بننے والے مڈفیلڈرز میں پپن بلوارا روی، وچن ایچ اے، انکت پال، روشن کجور، مکیش ٹوپو، ہریتھک کجور، تھوناوجم انگمبا لوانگ، تھوکچوم کنگکسن سنگھ، انکش، جیت پال، چندن یادو، منمیت سنگھ اور گووند ناگ شامل ہیں۔ کوچ جناردھن سی بی نے کہا، ”یہ کیمپ مستقبل کے بین الاقوامی مقابلوں کے لیے ہماری تیاری کے لیے اہم ہے۔ ہمارے پاس کھلاڑیوں کا ایک باصلاحیت گروپ ہے، اور سخت تربیتی سیشن انہیں اپنی پوری صلاحیت تک پہنچنے میں مدد کریں گے۔ ہمارا مقصد ایک متحد اور مضبوط ٹیم تیار کرنا ہے جو کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہو۔

❖ **گول کیپر:** پرنس دیپ سنگھ، بکرم جیت سنگھ، آدرش جی، اشونی یادو اور علی خان ہیں

❖ **فارورڈس:** موہت کرما، محمد زید خان، محمد کونن داد، سوربھ آنند کشواہا، ارجیت سنگھ ہندل، گرجوت سنگھ، پربھدیپ سنگھ، دلراج سنگھ، ارشدیپ سنگھ اور گرسیوک سنگھ شامل ہیں

❖ **ڈیفنس:** شاردا نند تیواری، امیر علی، منوج یادو، سکھویندر، روہت، یوگیمبر راوت، انمول ایکا، پرشانت برلا، آکاش سورونگ، سندرم راجاوت، آنند وائی اور تلم پریو بارٹا شامل ہیں

مہاراشٹر: امریتا پجاری سینئر ایشین ریسلنگ مقابلے کے لیے منتخب

کولہاپور (یو این آئی) مہاراشٹر کے کولہا پور ضلع کی خاتون پہلوان مہاراشٹر کیسری کی فاتح امرتا شتی کانت پجاری کو 22 سے 30 جون تک اردن میں منعقد ہونے والی سینئر ایشین ریسلنگ چیمپئن شپ کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اس ضلع کی کاگل تحصیل کے مرگوڈ میں واقع سدا شیوراؤ مانڈلک نیشنل ایس اے آئی ریسلنگ کمپلیکس کی کھلاڑی امرتا ریاست سے ہندوستانی ریسلنگ ٹیم کے لیے منتخب ہونے والی واحد خاتون پہلوان ہیں۔ دہلی میں منعقدہ سلیکشن ٹیسٹ میں امریتا کو 72 کلوگرام گروپ میں منتخب کیا گیا اور انہوں نے دہلی، ہریانہ اور اترپردیش کی قومی اور بین الاقوامی خواتین ریسلرز کو شکست دی۔